**14/03/2025**

**09.20 AM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے**

**لیفٹیننٹ گورنر**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے ممتاز اسکالروں اور اساتذہ سے تعلیمی نظام کو ایک جامع فریم ورک میں تبدیل کرنے کی تلقین کی ہے تاکہ طلباءمیں فکری نمو اور اخلاقی سالمیت کی پرورش ہوسکے۔**

**نئی دلی میں روحانیت اور اقدار پر مبنی تعلیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ اگر نوجوانوں کو اپنی پسند کے مطابق مضامین کا انتخاب کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے تو ، وہ نئی بلندیوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت زیادہ سے زیادہ سیاحونکو راغب کرنے کیلئے سرینگر شہر میں مذہبی اور سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہاکہ جھیل ڈل ، نشاط ،شالیمار، چشمہ شاہی ، پری محل ، زیارت گاہیں ، مندر اور گردوارہ شہر سرینگر کا خاصا ہے ۔**

**اسمبلی میں علی محمد ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوننے کہاکہ ایسا کرنے سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا ہوں گے۔**

**ہولی**

**رنگوں کا تہوار ہولی آج جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں آج ، رنگوں ، موسیقی اور تہوار منانے کی خوشی کے ساتھ تقریبات شروع ہوچکی ہیں۔ یہ تہوار موسم بہار کی آمد اور برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے۔**

کولگام سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ویسو پنڈت کالونی قاضی گنڈ میں کشمیر ی مہاجر پنڈتوننے کل شام ہولیکا دہَن یعنیچھوٹی ہولی منائی ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری، کابینی وزرائ، کئی سیاسی پارٹیوں کے لیڈران اور IGP کشمیر وی کے بردی نے ہولی کے موقع پر لوگوں کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کی ہے۔

مفت بجلی یوجنا

دنیا کی سب سے بڑی گھریلو روف ٹاپ سولر پہل مفت بجلی یوجنا نے 10مارچ 2025 تک شمسی توانائی سے چلنے والے 10 لاکھ گھروں کے ساتھ ایک تاریخی سنگ میل حاصل کیا ہے۔

شمسی توانائی کے وسیع استعمال کو فروغ دینے سے، اس اسکیم سے حکومت کو بجلی کے اخراجات میں سالانہ تخمینہ 75 ہزار کروڑ روپے کی بچت ہونے کی توقع ہے۔یہ جانکاری متعلقہ وزارت کی طرف سے ایک سرکاری ریلیز میں دی گئی ہے ۔

گردے

گردے انسانی جسم کے خاص انگ مانے جاتے ہیں ۔ گردوں کا انسانی جسم میں خون کا دباو یا بلڈ پریشر کا توازن بر قرار رکھنے میں اہم رول ہے ۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ایسے میں گردوں کی صحت کا خاص خیال رکھا جانا چاہئے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں Nephrology شعبے کے سربراہ ڈاکٹر مظفر مقصود وانی نے کہا ۔

اس حوالے سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں Nephrology شعبے کے سربراہ ڈاکٹر تجمل حسین میر کا کہنا ہے ۔

تھانہ دوس

کمیونٹی کی شمولیت کو بڑھانے اور عوامی خدشات کو دور کرنے کے لئے پولیس نے وادی کے مختلف اضلاع میں کل پولیس تھانوں میں ”تھانہ دوس“کا انعقاد کیا گیا ۔ڈی آئی جی شمالی کشمیرنے بارہمولہ میں تھانہ دوس میں شرکت کر کے پولیس اسٹیشن بارہمولہ میں عوامی دربار منعقد کیا ۔

اس موقعہ پر منشیات کے بارے میں جموں کشمیر پولیس کی زیرو ٹالرنس پالیسی پر زور دیا گیا لوگونسے کہا گیا کہ وہ منشیات سے متعلق معلومات لے کر سامنے آئیں ۔

شب

عشمقام میں حضرت شیخ زین الدین ولیؒ کی زیارت گاہ پر سینکڑوں عقیدت مندوں نے شبِ اول میں شب بیداری کی ۔ اننت ناگ سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ا س موقعہ پر قوم اور عالم انسانیت کے لئے امن و ترقی کی دعا کی گئی ۔

WAVES

کے سلسلے میں حکومت نے عالمی برادری WAVES 2025 ورلڈ آڈیو ویژول انٹر ٹینمنٹ سمٹ کے لئے ایک اجلاس منعقد کیا ۔ اطلاعات و نشریات وزارت کی طرف سے منعقدہ اس پروگرام میں گلوبل میڈیا ڈائلاگ اور دیگر کئی وزارتوں کے نمائندوں نے شرکت کی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ